بسم اللہ الرحمن الرحیم

امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں کی تعداد

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی میں کتنی کتابیں لکھی ہیں؟

جواب

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں مختلف کتب لکھیں، جن کے تالیف پر بعد کے علماء کی عبارات گواہ ہیں۔ یونہی آپ کے بہت سے ملفوظات ایسے ہیں کہ جو آپ کے شاگردوں نے بعد میں تحریر کیے، مثلاً کتاب الاصل وغیرہ۔

آپ کی کتب کے متعلق مفتی شریف الحق امجدی صاحب لکھتے ہیں: **فقہ اکبر**: اہل سنت و جماعت کے عقائد پر مشتمل ایک رسالہ ہے۔ جو بہت متداول متعارف ہے، اس کی متعدد شرحیں بھی لکھی گئی ہیں مگر ان تمام شرحوں میں سب سے زیادہ مقبول شرح حضرت ملا علی قاری کی ہے جو با آسانی ہر جگہ ملتی ہے، حضرت مولانا بحر العلوم فرنگی محلی کی بھی ایک فارسی شرح ہے جو چھپ گئی ہے۔ **العالم والمتعلم**: اس کی تفصیل نہیں معلوم ہو سکی اور نہ کہیں پتہ چلتا ہے کہ کہیں موجود ہے، ان کے علاوہ مندرجہ ذیل کتابیں بھی ہیں: کتاب السیر، الکتاب الاوسط، الفقہ الابسط، کتاب الرد علی القدریہ، رسالۃ امام ابی عثمان البتی فی الارجاء، کتاب الرای، اسے ابن ابی العوام نے ذکر کیا ہے کتاب اختلاف الصحابہ، اسے ابو عاصم عامری اور مسعود بن شبیہ نے ذکر کیا ہے کتاب الجامع، اسے عباس بن مصعب نے "تاریخ مرو" میں ذکر کیا ہے مکتوب وصایا۔ (سیرتِ امام اعظم، صفحہ 40، مطبوعہ جمعیت اشاعت اہلِ سنت کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابوالفیضان مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-100

تاریخ اجراء: 24 ربیع الاول 1448ھ/07 ستمبر 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net